Media Release

برائے فوری اجراء

21 سے 23 اگست تک کلچر کالز ویکینڈر کے موقع پر برامپٹن کے قابلیت اور تخلیقی صلاحیتوں کے حامل لوگوں کو جانیں!

برامپٹن، آن (14 اگست 2020) – سٹی آف برامپٹن پیش کرتا ہے کلچر کالز ویکینڈر، 21 سے 23 اگست کے درمیان ایک آن لائن تقریب، جس میں برامپٹن کے ابھرتے ہوئے قابل لوگوں کے ساتھ فن کے مظاہرے، پینل گفتگو اور ورکشاپس شامل ہوں گی۔

کلچر کالز ویکینڈر تخلیقی اظہار، اشتراک اور کمیونٹی کے لیے ایک ڈیجیٹل تجربہ ہے۔ 15 سے زائد مقامی فنکار، بشمول مزحیہ فنکار، موسیقار اور سپوکن ورڈ آرٹسٹ انسٹاگرام لائیو TheRoseBrampton@ اور زوم پر دی روز ورچوئل اسٹیج میں منعقد ہونے والے اس تین روزہ میلے میں ضرور شرکت کریں گے۔

اس میلے میں حصہ لینے والے مقامی فنکاروں میں بریڈن ایش محمد، مارٹن اینن، مائیہ کلٹرن، TRP.P، نیکول چیمبرز، ریکو ریئیف، ریچل براؤن، آر فلیکس اینڈ روشین، جوئیل وائیٹ، جوزفین کروز، کوئیشا لو، لِٹنی سپیئرز، جویا، ڈیزائری مکنزی اور سدھارتھا شامل ہیں۔

کلچر کالز ویکینڈر سٹی آف برامپٹن کی جانب سے کلچر کالز سیریز میں ایک اضافہ ہے، جس کی میزبانی کووڈ-19 کے دوران ہماری مقامی کمیونٹی میں فنکاروں کی معاونت کے لیے مقامی ڈی جے اور ریڈیو ہوسٹ روشین کر رہے ہیں۔ برامپٹن کی فنکار جیزمین پنو نے میلے کے لیے فن پارے تخلیق کیے، جس میں برامپٹن کے مشہور نمایاں مقامات اور نظارے شامل ہیں، مثلاً گارڈن اسکوائر، 410 سائن اور سونیز۔

تقریبات کے مکمل شیڈول کے لیے یہاں کلک کریں۔

اقتباسات

"کلچر کالز کووڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران برامپٹن کی تخلیقی کمیونٹی کے درمیان ایک بڑی کامیابی سے منعقد ہوتا رہا ہے اور میں پرجوش ہوں کہ مزید مقامی فنکار کلچر کالز ویکینڈر کے لیے اکٹھے ہوں گے اور برامپٹن میں تحریک پیدا کریں گے۔ چاہے آپ زبردست موسیقی یا کچھ مزاحیہ تفریح کی تلاش میں ہوں، میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس ویکینڈ پر انسٹاگرام لائیو اور زوم کے ذریعے اس آن لائن تقریب میں شرکت کریں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"کلچر کالز ویکینڈر برامپٹن کی تخلیقی کمیونٹی کے لیے ایک اہم اور پرجوش تقریب ہے، خصوصًا ان مشکل وقتوں میں۔ برامپٹن کا فنون و ثقافت کا منظر تبدیل ہو رہا ہے اور ایک دوسرے کو معاونت اور طاقت فراہم کرنے کے لیے کمیونٹی کو اکٹھا کرنے کا یہ ایک زبردست موقع ہے۔ اپنے کیلنڈر میں تاریخوں اور تقریبات کا نشان لگانا نہ بھولیں۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر*

"ہم دی روز ورچوئل اسٹیج پر کلچر کالز ویکینڈٹر کی میزبانی کرنے کے لیے پرامید ہیں۔ کلچر میں اپنے شہر کے ساتھیوں اور مقامی کیوریٹرز کے ساتھ مل کر کام کرنا مظاہروں کے فنون میں کام کرنے والے لوگوں کے حوالے سے ہمارے لیے ہمیشہ ایک اعزاز اور خوشی کا باعث ہوتا ہے؛ اور یہ برامپٹن کو تمام شہریوں کے لیے زیادہ اہم اور پرتعامل بنانے کے لیے ہمارے علم کے مطابق ایک انتہائی یقینی طریقہ ہے۔"

- *سٹیون شیپر، ایگزیکٹو آرٹسٹک ڈائریکٹر، پرفارمنگ آرٹس، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن قابل اور باصلاحیت لوگوں سے بھرپور ہے اور کلچر کالز ویکینڈٹر ان قابل لوگوں کو ایک جگہ جمع کرنے کی ہماری کلچرل سروسز کے عملے کی دِلی لگن کا نتیجہ ہے۔ کلچر کالز ویکینڈٹر ہماری فنون و ثقافت کی کمیونٹی کے لیے ان مشکل اوقات میں ایک روشن مشعل ہے۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca